سوال

(394)امام کو پتا نہ تو دعا میں مذکر کے صیغے پڑھے یا مؤنث کے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر جنازہ پڑھنے والے کو معلوم نہ ہو کہ میرے سامنے میت مرد ہے یا عورت، تو کیا وہ دعا میں مذکر کے صیغے پڑھے یا مونث کے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مقصد کے اعتبار سے دونوں ہی جائز ہیں یعنی اگر اللھم اغفرلہ کہے تو مراد ہو گا ۔ ۔ ۔ یہ شخص یا یہ میت ۔ ۔ ۔ اور اگر اللھم اغفرلھا کہے گا ۔ ۔ ۔ تو مراد ہو گا یہ جنازہ ۔ الغرض دونوں ہی جائز ہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسا ئیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 330

محدث فتویٰ